# آزاد جموں وکشمیر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میرپور

**نوٹیفکیشن!**

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز) کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تعلیمی سیشن 28-2026 کیلئے انٹرمیڈیٹ سال اول میں آن لائن رجسٹریشن کیلئے حسب ذیل شیڈول جاری کیا جاتا ہے۔آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بمعہ جمع شدہ فیس چالان/رسید ہر مرحلہ کی بمطابق شیڈول ارسال کی جائے۔شیڈول کے مغائر فیس جمع کروانے یا ریٹرن کی ہارڈ کاپی دفتر بورڈ وصول ہونے کی صورت میں تحت ضابطہ جرمانہ لاگو ہوگا۔Proof Reading والی رجسٹریشن ریٹرن ہرگز قبول نہ ہوگی نیز ریٹرن کا مدہم اور غیر واضح پرنٹ بھی ناقابل قبول ہوگا۔ریٹرن کی ایک کاپی بطور ریکارڈ اپنے پاس محفوظ کرلی جائے۔

| | فیس | آن لائن رجسٹریشن کی ڈیٹا انٹری اور فیس جمع کروانے کی تواریخ | آن لائن رجسٹریشن کی ہارڈ کاپی مع چالان جمع کروانے کی آخری تاریخ |
|---|---|---|---|
| پہلا مرحلہ | -/2935 روپے فی امیدوار | 2026-08-25 تا 2026-09-25 | 03-10-2026 |
| دوسرا مرحلہ | -/4670 روپے فی امیدوار | 2026-09-26 تا 2026-10-26 | 04-11-2026 |
| تیسرا مرحلہ | -/6405 روپے فی امیدوار | 2026-10-27 تا 2026-11-16 | 23-11-2026 |

رجسٹریشن فیس وسپورٹس فیس -/1735 روپے، پروسسنگ فیس 500 روپے، سند فیس 500 روپے، سکالرشپ فیس 200 روپے = ٹوٹل -/2935 روپے۔

## 1۔ <u>آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی تکمیل اور ضروری ہدایات۔</u>

(i) ہر ادارہ رجسٹریشن ریٹرن بورڈ کی ویب سائٹ www.ajkbise.edu.pk پر آن لائن بورڈ کی طرف سے مہیا کردہ اپنے ویب اکاؤنٹ کے ذریعے مرتب کرے گا۔ دوران فیڈنگ ریٹرن کسی بھی طرز کی مشکل پیش آنے کی صورت میں معلومات کیلئے بورڈ ہذا کے کمپیوٹر سیکشن سے فون نمبر 05827-960071 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔**مخلوط تعلیم کی اجازت نہ ہوگی۔**

(ii) بورڈ کی ویب سائٹ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ڈیٹا انٹری کیلئے 2026-08-25 تا 2026-11-16 تک کھلی رہے گی۔شیڈول کے اختتام پر رجسٹریشن پورٹل بند کردیا جائے گا۔

(iii) آن لائن رجسٹریشن سے متعلق کتابچہ جس میں تمام معلومات اور ہدایات درج ہیں، ویب سائٹ پر موجود ہے۔

(iv) تمام گروپس اور اختیاری مضامین کی تفصیل ایک علیحدہ صفحہ پر دستیاب ہے۔

(v) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن مرتب کرنے سے پہلے ادارہ کے تمام طلباء/طالبات جو کہ رجسٹر کرنے مطلوب ہیں، کے درج ذیل کوائف ادارہ کے پاس ہونے ضروری ہیں۔ریٹرن پر کوائف فارم ب اور میٹرک رجسٹریشن کے مطابق درج کیے جائیں۔

(ا) امیدوار کی نیلے رنگ کے بیک گراؤنڈ والی پاسپورٹ سائز تصویر (ب) "ب" فارم یا شناختی کارڈ (ج) میٹرک کا رزلٹ کارڈ/سند

(vi) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی Proof Reading کا پرنٹ لے کر درج تمام کوائف اچھی طرح چیک کرلیں۔ریٹرن ارسال کرنے کے بعد رجسٹریشن فہرست میں کوائف میں غلطی/تضاد/چھوٹ (Omission) کی درستی/تکمیل کیلئے -/1000 روپے فی غلطی، تضاد/چھوٹ فیس وصول کی جائے گی۔موبائل سے لی گئی تصویر، ٹوپی، عینک، نقاب والی تصویر، غلط سکین شدہ تصویر اور تصویر بالکل نہ ہونے کی صورت میں فی تصویر کی درستی کیلئے -/1500 روپے فیس وصول کی جائے گی۔تصویر کی درستگی انٹر سال اول کا فارم داخلہ ارسال کرنے سے قبل کروائی جاسکے گی۔

(vii) سربراہ ادارہ آن لائن رجسٹریشن کے پرنٹ کے ہر صفحہ پر اپنے دستخط اور مہر ثبت کریں۔انچارج پرنسپل ہونے کی صورت میں مجاز اتھارٹی کا اجازت نامہ منسلک کریں۔

(viii) بورڈ کے ساتھ الحاق شدہ پرائیویٹ ادارے تجدیدی حکومتی منظوری کی مصدقہ نقل اور تجدیدی فیس کی اصل رسید/چالان رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ ضرور ارسال کریں۔

(ix) ڈبل رجسٹریشن کروانا قانوناً جرم ہے، امیدوار سے حلفاً بیان لیا جائے کہ اس نے قبل ازیں ریگولر کسی دوسرے کالج میں داخلہ نہ لیا ہو یا پرائیویٹ رجسٹرڈ/شامل امتحان نہ ہوا امتحان ثانوی 2026ء سے قبل پاس کرنے کے بعد آزاد کشمیر تعلیمی بورڈ یا دیگر کسی بورڈ میں انٹرمیڈیٹ کی سطح پر رجسٹریشن کیلئے رجوع نہیں کیا۔ غلط بیان/ڈبل رجسٹریشن کروانے پر مبلغ -/5000 روپے تک جرمانہ اور ریگولر رجسٹریشن منسوخ بھی کی جاسکتی ہے۔

(x) رجسٹریشن فیس متذکرہ بالا شیڈول کے مطابق جمع کرواکر آن لائن فیس چالان اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کا پرنٹ ہمراہ رزلٹ کارڈز/اسناد کی مصدقہ نقول بمطابق شیڈول ہر صورت میں دفتر بورڈ پہنچائی جائیں۔آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی یا فیس چالان یا دونوں تاخیر سے موصول ہونے پر پہلے ماہ مبلغ -/2000 روپے اور اس کے بعد مبلغ -/300 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

(xi) اگر کوئی رجسٹرڈ ادارہ کسی دوسرے غیر رجسٹرڈ اداروں کے طلباء/طالبات کو اپنے طالب علم ظاہر کرکے رجسٹریشن ریٹرن ارسال کرنے کے جرم کا مرتکب پایا گیا تو اس ادارہ کی رجسٹریشن منسوخ کردی جائے گی۔یا ادارہ کو مبلغ -/35,000 روپے جرمانہ بھی کیا جائے گا۔اور غیر رجسٹرڈ ادارہ کے طلباء/طالبات کی رجسٹریشن کروانے کی پاداش میں جمع شدہ رجسٹریشن فیس بحق بورڈ ضبط کرلی جائے گی۔

(xii) دیگر بورڈز سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے والے صرف ان طلباء/طالبات کی رجسٹریشن کا بیچ بنائیں جن کے NOC آپ کے پاس جمع ہو چکے ہوں۔ایسے طلبہ وطالبات کی رجسٹریشن Other Board کیٹگری میں کی جائے اور ان کا اصل NOC اور میٹرک کے رزلٹ کارڈ کی مصدقہ کاپی رجسٹریشن ریٹرن کے ہمراہ ارسال کیا جائے۔اگر کسی ایک طالب علم کا بھی NOC ارسال نہ کیا گیا تو پورا بیچ پینڈنگ رہے گا جس کی تمام تر ذمہ داری ادارہ پر عائد ہوگی۔

(xiii) آن لائن رجسٹریشن انٹرمیڈیٹ کے حوالہ سے فیس/جرمانہ جات آن لائن پرنٹ شدہ چالان پر ہی (Easy Paisa, HBL konnect, 1Bill) جمع کروائیں، چیک، بینک ڈرافٹ اور مینول چالان قبول نہیں ہوں گے۔نیز سربراہ ادارہ شیڈول کے مطابق رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع جمع شدہ چالان/رسید اپنے ادارہ کے لیٹر پیڈ پر کورنگ (Covering) لیٹر کے ساتھ ارسال کریں۔

(xiv) مہاجرین/اسپیشل/یتیم امیدواران کی سنگل (پہلے مرحلہ) کی فیس معاف ہے۔تاخیر کی صورت میں تحت ضابطہ فیس/جرمانہ لاگو ہوگا۔مہاجرین امیدواران کے مہاجر کارڈ/ اسپیشل (نابینا/ گونگے/بہرے) امیدواران کے متعلقہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر سے جاری شدہ میڈیکل سرٹیفکیٹ اور یتیم امیدواران کے والد کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ و فارم ب کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں ریٹرن کے ساتھ ارسال کرنا ہوں گی۔

## 2۔ <u>ریٹرن میں درستی کا طریقہ کار اور فیس کی ادائیگی۔</u>

(i) آن لائن رجسٹریشن کے بیچ میں کسی قسم کی تبدیلی/درستی مذکورہ شیڈول کے اندر ہی ممکن ہوگی۔درستی کے لیے آن لائن، بیچ ایڈیٹ کی Request کی جائے، بیچ ایڈیٹ پر کلک کرنے سے مبلغ -/2000 روپے فیس کا چالان پرنٹ ہوگا۔فیس بینک میں جمع کرواکر چالان onlineinfo.ajkbise@gmail.com پر ای میل کیا جائے اور فون نمبر 05827-960071 پر رابطہ کیا جائے۔متذکرہ بیچ ان لاک کردیا جائے گا جس میں جو بھی درستی مطلوب ہوکر کے دوبارہ لاک کرنے کے بعد ریٹرن کا پرنٹ لے کر ارسال کریں۔

(ii) شیڈول گزر جانے کے بعد بیچ ان لاک نہیں ہوگا۔ (iii) رجسٹریشن کارڈ جاری/فارم داخلہ فیڈنگ کے بعد بیچ ڈیلیٹ کی کارروائی ممکن نہ ہوگی۔

## 3- <u>دوبارہ داخلہ (ری ایڈمیشن) کی شرائط</u> (ری ایڈمشن کا شیڈول HSSC پارٹ - I کے نتیجہ کی اشاعت کے بعد جاری کیا جائے گا)

(i) انٹر پارٹ اول کے رزلٹ کے بعد آن لائن ری ایڈمیشن کی سہولت دی جائے گی جس کے لیے الگ سے شیڈول جاری کیا جائے گا۔اگر کوئی ایسا امیدوار جس نے سال اول کا امتحان پاس کیا ہو ری ایڈمشن لینا چاہئے تو پہلے اس کے رزلٹ منسوخی کی درخواست معہ دیگر لوازمات جناب کنٹرولر امتحانات کالجز سے رابطہ کیا جائے اور ری ایڈمیشن ریٹرن معہ فیس چالان ہمراہ منسوخی لیٹر مقررہ مدت کے اندر ارسال کرنا ہوگی۔

(ii) آن لائن ری ایڈمشن کیٹگری میں کوائف فیڈ کرکے پرنٹ نکال کر مطلوبہ فیس جمع کروائیں اور بروقت دفتر بورڈ ارسال کریں۔ری ایڈمیشن فیس -/2235 روپے اور تبدیلی گروپ کی صورت میں تبدیلی گروپ فیس مبلغ -/3000 روپے کل فیس مبلغ -/5235 روپے ہوگی۔

(iii) اگر کوئی طالب علم گیارھویں جماعت میں نامساعد حالات کی وجہ سے اپنا تعلیمی سلسلہ جاری نہ رکھ سکا ہو، اور نہ ہی اسے رول نمبر کا اجراء ہوا ہو یا گیارھویں جماعت کے امتحان میں غیر حاضر ہو یا ایک مضمون/مضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کیئے ہوں تو وہ ری ایڈمشن حاصل کرنے کا اہل ہے۔اس کی سابقہ رجسٹریشن بحال رہے گی۔تاہم پاس امیدواران ری ایڈمیشن حاصل کرنے کیلئے نتیجہ کی اشاعت کے بعد جاری شیڈول کے مطابق اپنا نتیجہ منسوخ کرواکر ری ایڈمشن لے سکتے ہیں۔نتیجہ منسوخی کی فیس -/2000 روپے مقرر ہے۔نیز ایسے امیدوار اسٹامپ پیپر پر اس امر کا بیان حلفی تصدیق شدہ از مجسٹریٹ درجہ اوّل دیں گے کہ وہ کسی مرحلہ پر پوزیشن/انعام کے حقدار نہیں ہوں گے۔(پوزیشن کے حقدار صرف وہ امیدواران ہوں گے جنہوں نے ادارہ میں پہلی مرتبہ داخلہ حاصل کیا ہوگا۔)

جاری۔۔۔

